رہبر معظم کا آیت اللہ شیخ محمد شاہ آبادی کی رحلت پر تعزیتی پیغام - 8 /Jan/ 2012

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے آیت اللہ حاج شیخ محمد شاہ آبادی کی رحلت پر تعزیتی پیغام ارسال کیا ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عالم ربانیاور حضرت امام خمینی (رہ) کے استاد کے فرزند مرحوم آیت اللہ حاج شیخ محمد شاہ آبادی کی رحلت پر شاہ آبادی کے محترم ، معزز، مکرم خاندان اور مرحوم کے تمام ارادتمندوں اور شاگردوں تعزیت اور تسلیت پیش کرتا ہوں اور اللہ تعالی کی بارگاہ میں اس عالیمقام عالم دین کے درجات کی بلندی کے لئے دعا کرتا ہوں۔